پکارا جائے تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑ و اور خرید و فروخت چھوڑ دو، یہ تمھارے لیے زیادہ بہتر ہے اگر تم جانو۔ پھر جب نماز پوری ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو اور اللہ کو کثرت سے یاد کرتے رہو شاید کہ تمھیں فلاح نصیب ہو جائے، اور جب انھوں نے تجارت اور کھیل تماشا ہوتے دیکھا تو اس کی طرف لپک گئے اور تمھیں کھڑا چھوڑ دیا۔ ان سے کہو جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ کھیل تماشے اور تجارت سے بہتر ہے اور اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔

اللہ بلند و عظیم نے سچ فرمایا۔ وہ مجھے اور آپ کو اپنی آیات اور حکمت پر مبنی ذکر سے نفع عطا فرمائے۔ بے شک وہ بالا دست، سخی اور عزت والا ہے، بادشاہ ہے، احسان کرنے والا ہے۔ شفقت فرمانے والا، رحم کرنے والا ہے۔

٢۔ اَلْخُطْبَةُ الثَّانِيَةُ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْاَمِيْنِ۔ اَمَّا بَعْدُ فَيَامَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ كِتَابِهِ الْكَرِيْمِ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ ۢ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰى وَصَامَ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ ۢ بِعَدَدِ مَنْ قَعَدَ وَقَامَ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ○ وَعَلٰى سَآئِرِ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِيْنَ ○ وَعَلٰى عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ اَيِّدِ الْاِسْلَامَ وَالْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ انْصُرْ مَنْ نَصَرَ دِيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاجْعَلْنَا مِنْهُمْ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْهُمْ ط اَللّٰهُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّارْزُقْنَا اتِّبَاعَهٗ وَاَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَّارْزُقْنَا اجْتِنَابَهٗ ج اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنَا عَلَى الْاِسْلَامِ۔ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قُلُوْبَنَا بِنُوْرِ الْاِيْمَانِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ۔ عِبَادَ اللّٰهِ رَحِمَكُمُ اللّٰهُ۔ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآءِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ج يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ○ اُذْكُرُوا اللّٰهَ يَذْكُرْكُمْ وَادْعُوْهُ يَسْتَجِبْ لَكُمْ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ تَعَالٰى اَعْلٰى وَاَوْلٰى وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَاَكْبَرُ۔

دوسرا خطبہ: (ترجمہ)

تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جو کائنات کا رب ہے۔ رسولِ امین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام ہو۔

اما بعد! اے اہل اسلام! میں اللہ تعالیٰ سے شیطان ملعون کے شر سے پناہ مانگتا ہوں اور اللہ کے ہی بابرکت نام سے شروع کر رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے کہ:

بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبیؐ پر درود اور سلام بھیجتے ہیں۔ اے اہل ایمان تم بھی اُن پر درود اور سلام بھیجو۔

اے اللہ! ہمارے راہبر اور سردار حضرت محمدؐ پر اتنی تعداد میں درود و سلام بھیجیو، جتنی تعداد نماز پڑھنے اور روزہ رکھنے والوں کی ہے۔ اے اللہ! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر تمام بیٹھنے اور کھڑے ہونے والے لوگوں کی تعداد کے برابر درود و سلام بھیجیو۔ اے اللہ! تمام انبیاء اور رسولوں پر درود بھیجیو۔

تمام صحابہ، تابعین اور اپنے نیک بندوں پر بھی۔ اے اللہ اسلام اور مسلمانوں کی مدد فرما۔ اے اللہ! اس شخص کی مدد فرما جس نے دینِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد کی اور ہمیں بھی انھی لوگوں میں شامل کر دیجیے۔ اور (اے اللہ!) اس شخص کو ذلیل و رسوا کر دیجیے جس نے دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو رسوا کرنے کی کوشش کی اور ہمیں ایسے لوگوں سے بچانا۔

اے اللہ! ہمیں حق کو حق کر دکھا دے، اس کی پیروی کی توفیق بھی دے۔ اور ہمیں

باطل کو بھی باطل ہی دکھا اور اس سے ہمیں بچائے رکھنا۔

اے اللہ! ہمیں اسلام پر ثابت قدمی عطا فرما۔ ہمارے دلوں کو ایمان کے نُور سے روشن کر دے۔ پروردگار! تمام مومن مردوں اور عورتوں خواہ زندہ ہوں خواہ مردہ سب کو بخش دے۔

اے اللہ کے بندو! اللہ تم پر بھی رحم فرمائے۔ (یاد رکھو کہ!) اللہ تعالیٰ نے عدل و احسان اور رشتہ داروں کے حقوق ادا کرنے، برائی اور بے حیائی اور نافرمانی سے منع فرمایا ہے۔ وہ تمھیں نصیحت کرتا ہے کہ تم نصیحت حاصل کر لو۔ اللہ کو یاد کرو، وہ تمھیں یاد کرے گا، اسی سے حاجتیں مانگو، وہ تمھاری حاجتیں پوری کرے گا۔

اور اللہ کا ذکر بلند ہے اعلیٰ ہے، افضل ہے اور اللہ کی ذات عزت والی، شان والی اور کبریائی والی ہے۔